Digitized by Khilafat Library Rabwah

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۹۵ No. L. 2595

Regd. No. 2595.

یَھْدِیْ اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ مَنْ یَّشَآءُ

اس اخبار میں بہترین طبی مضامین اور نسخے درج ہیں شروع سے لیکر آخر تک ملاحظہ فرمایئے

2762

مقاصد

(۱) اسلام کی خوبیوں اور برکات کا ذکر کرنا اور دیگر مذاہب پر اسکی فضیلت ظاہر کرنا۔

(۲) غیر مذاہب میں تبلیغ اسلام کے اہم فرض کو ادا کرنا۔

(۳) دیگر مذاہب کے حملوں کا کامل و صحیح جواب دینا۔

(۴) حاکم اور رعایا کے تعلقات کو مضبوط و مستحکم بنانا

سالانہ سرپرستوں

D.G. Khan.

INDIA POSTAGE THREE PIES

جلد ۲۶ | اخبار نور قادیان دارالامان مورخہ ۱۷ اگست ۳۶ء مطابق ۲۸ جمادی الاول ۱۳۵۵ھ | نمبر ۱

غیر معمولی خوشی پر

مبارکباد

کی تفصیل اسی اخبار کے صفحہ ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ پر ملاحظہ فرمایئے

T. 36.

Digitized by Khilafat Library Rabwah

دہی کی لسی کے فوائد

ہندوستان قدیم کی تاریخ دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ ہمارے بزرگ تندرست اور طویل العمر ہوتے تھے، ہم جوں جوں اصول حفظان صحت کی خلاف ورزی کرنے لگے ہماری عمر کم ہونے لگی، ہم اچھے سے اچھے اور لذیذ سے لذیذ کھانا کھانے کی خواہش رکھتے ہیں اور کھاتے بھی ہیں، لیکن یہ خیال نہیں کرتے کہ کون سی کھانے کی چیز صحت کیلئے نقصان دہ ہے، اور کون سی فائدہ مند، صرف ذائقہ کیلئے ہم ثقیل سے ثقیل اناج کھا لیتے ہیں، لیکن اس کے ہضم کرنے یا ہضم ہونے کی پرواہ نہیں کرتے۔

ہر ایک خوردنی شے کو ہضم کرنے کیلئے میٹھا یا چھاچھ (دہی کی لسی) نہایت فائدہ مند ہے، اس کو روزانہ استعمال کرنے سے انسان طویل العمر، تندرست اور خوش رہ سکتا ہے یہ بڑی قیمتی چیز ہے، جس کی ہمیں قدر کرنی چاہئے، اس کے بارے میں طبی کتب میں کہا گیا ہے، کہ میٹھے یا دہی کی لسی میں ایک قسم کا مادہ ہوتا ہے۔ جس کی خصوصیت یہ ہے کہ پیٹ میں جاتے ہی امراض پیدا ہونے والے جراثیم سے جنگ کرنے لگتا، اور جنگ کر کے ان کو مغلوب کر لیتا ہے، اس لئے مرض کا مقابلہ کرنے کیلئے میٹھی چھاچھ قدرتی طور پر ہی دافع امراض ہے اس کو مرض سنگرہنی کا قاتل بیان کیا ہے، کہا ہے کہ جس طرح خس وخاشاک کے انبار کو آگ، اور تاریکی کو آفتاب زائل کر دیتا ہے، اسی طرح چھاچھ مرض سنگرہنی زائل کر دیتی ہے، دشوار العلاج مرض سنگرہنی ہزاروں دوائیں کھانے پر اچھا نہیں ہوتا، مطلب یہ کہ چھاچھ تمام دوائیوں سے افضل ہے، چھاچھ میں لیکٹک ایسڈ پیدا ہوتا ہے، اس لئے پیٹ میں گیس پیدا کرنیوالے جراثیم پر اس کا نہایت عمدہ اثر ہوتا ہے، اس میں گوشت پیدا کرنے والے پروٹین کے نہایت لطیف ذرات ہوتی ہیں اس لئے دیگر اشیا کی طرح ہضم ہونے میں بھاری نہیں ہوتا۔

پروٹین بہت جلد ہضم ہو جاتا ہے، اور دوسری اشیاء کو بھی ہضم کرتا ہے، آلات انہضام بھاری اشیاء کو ہضم کرنے کیلئے ناقابل ہوتے ہیں، لیکن بھاری چیزوں کے ساتھ چھاچھ کے استعمال سے آلات انہضام کو بھاری اناج ہضم کرنے میں مدد ملتی ہے، چھاچھ میں کیلسیم، میگنیشیم، پروٹیشیم، سوڈیم، فاسفورس، کلورین، سلفر وغیرہ کھار ہوتے ہیں، اور یہ سب گوشت اور ہڈی کی پرورش کرنے والے ہیں۔

بار بار کئی چیزیں کھانے سے وہ اچھی طرح ہضم نہیں ہوتیں اور ان کا غیر منہضم حصہ انتڑیوں میں مرک کر سڑنے لگ جاتا ہے لیکن چھاچھ کے کھانے سے انتڑیاں صاف ہوتی ہیں اور انتڑیوں میں نئے خون کا دورہ ہوتا ہے، چھاچھ سے ہاضم رس زیادہ پیدا ہوتے ہیں، اسلئے وہ قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے، اس کے استعمال سے جسم صحتور بارونق اور قوی ہوتا ہے

آلات بول اور براز کے افعال کو چھاچھ سے جوش ملتا ہے آلات انہضام کو مضبوط کرنے کی اور اچھا خون تیار کرنے کا کام یہ اچھی طرح سے کرتا ہے، اس کے بارہ میں قدیم حکماء کا جو صحت کے علم میں ماہر تھے، یہ قول ہے کہ دہی کا استعمال کرنے والے کو کوئی بھی تکلیف یا بیماری نہیں ہوتی، اس کے ذریعہ زائل ہوئی بیماریاں از سر نو عود نہیں کرتیں۔

فرانس کے پاسٹیور ریسرچ کے ڈاکٹر ہچیسن نے تجربات سے ثابت کر دیا ہے کہ چھاچھ کے استعمال سے بڑھاپا کم ہو جاتا ہے، چھاچھ بہت اعلیٰ درجہ کی پرورش کرنے والی غذا ہے تازہ اور میٹھا چھاچھ پینے سے نئے رگ وریشہ کی پیدائش ہوتی ہے، کھٹا چھاچھ پینے سے انتڑیوں میں زہر پیدا کرنے والے کیڑوں کا اسی وقت ستیاناس ہو جاتا ہے، جسم کے رگ وریشہ کو چھاچھ کے علاوہ دوسری کوئی بھی شے اتنی زیادہ نہیں بڑھا سکتی، ہر قسم کے چھاچھ میں سے گائے کے دہی سے بنایا ہوا چھاچھ افضل ہے، اسی لئے سنگرہنی کے مریضوں کے لئے گائے کی چھاچھ کا استعمال لکھا ہے، سنگرہنی کے مریضوں کو ہمیشہ گائے کی چھاچھ استعمال کرنی چاہئے کیونکہ یہ نہایت مفید ہے، بکری کے دودھ کی چھاچھ بھی عمدہ، ملین، ہلکی اور اسی روگ میں فائدہ مند ہے، بھینس کے دہی کی چھاچھ نہایت چکنی، بلغم پیدا کرنے والی، مزیدار اور بھاری ہوتی ہے اور خون کو خراب کرتی ہے۔

خاص طور پر گھی میں پکی ہوئی بھاری چیزوں کو ہضم کرنے کیلئے چھاچھ سے بہت مدد ملتی ہے، آج کل کئی طرح کے مصنوعی زہر شکم میں داخل ہوتے ہیں، مثال کیلئے بازار کی پکوڑیوں کو لے لیجئے،

پکوڑی والے گرم گرم پکوڑی نکالنے کے بعد اس گرم کئے ہوئے تیل کو اتار کر رکھ دیتے ہیں اور پھر کام پڑنے پر اسی تیل کو گرم کرتے ہیں، ایسا بار بار کرنے سے اس تیل میں کاربن کا مصنوعی زہر پیدا ہو جاتا ہے۔

اسی طرح پیٹ میں گئے ہوئے متفرق زہروں کو دفع کرنے کیلئے چھاچھ اکسیر سے کم نہیں، کئی امراض کو دفع کرنے کی عجیب طاقت اس میں موجود ہے، آج کل بہت سے اشخاص کو صبح چائے کا کپ ضروری ہوتا ہے، اگر وہ چائے کی بجائے ایک کپ چھاچھ پینے کی عادت ڈالیں، تو انہیں بہت فائدہ ہوگا، اور وہ طویل عمر ہوں گے، مکھن ملا ہوا میٹھا پینے میں بھاری ہوتا ہے، مکھن نکالا ہوا ہاضم اور ہلکا ہوتا ہے گائے اور بکری کے دودھ سے تیار کی ہوئی چھاچھ بہت مفید ہے، بھینس کے میٹھے میں سونٹھ، کالی مرچ، پیپل سیندھا نمک، ان سب کا سفوف ڈال کر کھانے سے وہ نقصان نہیں پہنچاتا، گائے کی چھاچھ مذکورہ بالا سفوف ڈال کر کام میں لانا چاہئے۔ کبھی کبھی کسی موسم میں چھاچھ نقصان دہ بھی بتلائی گئی ہے، لیکن سیندھا نمک اور زیرہ ملا لینے سے وہ سب موسموں میں فائدہ مند ہے، نصف پاؤ چھاچھ میں چار رتی سیندھا نمک دو رتی زیرہ اس اندازے سے ملانا چاہئے، چھاچھ کے تمام اوصاف کو سمجھ کر اس صحت افزا دوا کا استعمال حفظ زندگی کیلئے ضرور کرنا چاہئے۔

چائے، قہوہ وغیرہ پینے کی اشیا، جسمانی تکالیف کو بڑھانے میں مدد دیتے ہیں، اس لئے سب کو چھوڑ کر چھاچھ کے مانند عمر کو بڑھانے والی اشیاء کا استعمال کرنا بہت مفید ہے، عام طور پر کھانا کھانے کے بعد ہی لسی پینی چاہئے، روزانہ لسی پینے سے طاقت زائل نہیں ہوتی بلکہ لسی صحت بڑھانے والی اور مقوی ہے، طلبا اور تعلیمیافتہ لوگوں کو اس طرف کافی دھیان دینا چاہئے، موسم سرما میں چھاچھ پینے کے بعد ایک گھونٹ گرم پانی پینے سے دانتوں کو اس کے ایسڈ کا اثر نہیں ہوتا، نہایت کمزور انسان کو سب موسموں میں اور تندرست انسان کو برسات کے دنوں میں لسی کم پینی چاہئے۔

ہیضہ اور چونہ

ہیضہ بھی ان وبائی امراض میں شامل ہے کہ جو ہر سال ملک کی بہت سی زندگیوں کو تباہ کرتے رہتے ہیں اور جب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

لبھی یہ نہایت خوفناک صورت میں پھیلتا ہے تو ہزاروں ہی نہیں بلکہ لاکھوں انسانوں کو موت کے گھاٹ اُتار دیتا ہے۔

یہ اصلیت ہے کہ ملک میں ایسی بے شمار ادویات پائی جاتی ہیں جو بغیر کسی خرچ کے یا بہت ہی تھوڑے خرچ پر لوگوں کو اس مرض سے بچا سکتی ہیں یا محفوظ رکھ سکتی ہیں اگر ——— ملک کے معالج اس طرف متوجہ ہوں تو بغیر کسی تشویش کے اس مرض کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔

سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ بجائے اس کے کہ اس مرض کے نمودار ہونے یا پھیل جانے پر اس کا علاج اور روک تھام کی جائے، کوشش یہ ہونی چاہئے، کہ لوگ ایسے ذرائع اختیار کریں کہ جن سے یہ مرض پیدا ہی نہ ہو، اس کیلئے بہتر طریق یہی ہے کہ لوگوں کو حفظانِ صحت کے متعلق وسیع واقفیت بہم پہنچائی جائے، اور مسلسل ہدایات کی جائیں تاکہ لوگ بخوبی ہوشیار ہو جائیں۔

دوسری بات یہ کہ لوگوں کو ضرورت پر ہندوستان میں ہی پیدا شدہ یا تیار شدہ چیزوں (ادویات وغیرہ) کے استعمال کی عادت پیدا کی جائے، اگر بدقسمتی سے ہندوستان میں ہیضہ پڑتا ہے تو دوسرے ممالک کی خواہ مخواہ چاندی نہیں ہونی چاہئے۔

ایام ہیضہ میں جہاں لوگوں کو اس مرض کے پیدا کرنے والے آہار اور بیوہار سے پرہیز کرنا چاہئے، وہاں بطور حفظ ماتقدم یا دفعیہ مرض کے لئے چونہ کا استعمال کرنا چاہئے، ایک پیسہ کا چونہ سینکڑوں انسانوں کیلئے مفید ہو سکتا ہے۔

پتھر کا چونہ بہت سستی چیز ہے، اَن بجھا چونہ ایکتولہ لے کر ایک بوتل صاف یا مقطر پانی میں حل کر کے رکھیں چونہ کے تہ نشین اور پانی کے صاف ہو جانے پر پانی کو آہستہ الگ کر کے چھان کر رکھیں اور باقی ماندہ چونہ میں پھر پانی ڈالدیں۔ ۲۴ اونس پانی میں اندازاً ڈیڑھ ماشہ چونہ حل ہونا چاہئے اسی طرح ایک تولہ چونہ سے آٹھ بوتل چونے کے پانی کی تیار ہو جاتی ہیں۔

بطور حفظ ماتقدم صبح و شام پوری عمر کے مرد اور عورت کو ایک اونس یہ پانی ایک اونس سادہ اور صاف پانی میں ملا کر پلانا چاہئے، اس سے لوگ ہیضہ کے دنوں میں ہیضہ سے محفوظ رہتے ہیں، بچوں کو ان کی عمر کے لحاظ سے کم استعمال کرائیں۔ بے ضرر چیز ہے۔

مریض ہیضہ کو دو دو اونس چونہ کا پانی برابر وزن سادہ پانی یا عرق پودینہ وغیرہ میں ملا کر گھنٹہ گھنٹہ کے بعد پلانا چاہئے۔

——— چونے کا پانی بطور انجکشن گوشت میں داخل کرنا ایسی حالت میں بھی مفید پایا گیا ہے، جبکہ مریض کا دل بیٹھ رہا تھا اور پسینہ بشدت آ رہا تھا، اور زندگی کی کوئی امید نہ تھی، مریض کے دست اور قے وغیرہ پر بھی چونے کا پاؤڈر ڈال دینا چاہئے، اس سے مرض کے کرم ہلاک ہو جاتے ہیں اور دوسرے انسانوں کو تکلیف نہیں پہنچتی۔

غیر معمولی رعایت

قرآن کریم کے ہندی ترجمہ کی تکمیل اور نور کی پچیسویں سالگرہ کی خوشی میں ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸ اگست ۱۹۳۶ء کی تاریخوں پر غیر مستطیع احباب کو قرآن شریف کا گورمکھی ترجمہ جس پر گھر کی لاگت پانچ روپے ہے، ایک روپیہ چار آنہ پر اور قرآن مجید کا ہندی ترجمہ جس پر گھر کی لاگت چھ روپیہ ہے، ایک روپیہ آٹھ آنہ پر اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گورمکھی سیرت جس پر گھر کی لاگت دو روپیہ ہے بارہ آنے پر ملینگی محصول ڈاک بذمہ خریدار۔ صرف چند کاپیاں اس رعایتی قیمت پر دی جائیں گی، جن کی درخواستیں پہلے آئینگی انہیں ترجیح رہے گی۔

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار نور، نور بلڈنگ قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

گندم کے کھار کے فوائد

دانے الگ کرنے کے بعد گندم کے پودوں کو جلا کر راکھ کریں، اور اس راکھ کو چار گنا پانی میں بھگو کر کپڑے میں سے چھان کر رکھیں، جب پانی نتر جائے اور میلا حصہ تہ نشین ہو جائے تو نتھرے ہوئے پانی کو باہستگی علیحدہ کر کے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر پکائیں، جب پانی خشک ہو جائے تو کڑاہی کو آگ پر سے اُتار کر رکھیں، اور اس میں لگی ہوئی سفید چیز کو کھرچ کر باریک پیسیں اور کپڑ چھان کر کے شیشی میں ڈال رکھیں، یہ "گودھوم کھُشار" یا گندم کا کھار ہے۔

(۱) ایک ایک ماشہ گندم کا کھار صبح و شام تازہ پانی کے ساتھ کھلائیں، بواسیر خونی دور ہو جاتی ہے،

(۲) گندم کے کھار کو دو چند گھن میں کھرل کر کے بواسیر کے مسوں پر لگانا مفید ہے۔

(۳) گندم کا ایک ماشہ کھار گرم پانی کے ساتھ کھانے سے اپھارہ دور ہو جاتا ہے۔

(۴) ایک ایک ماشہ گندم کا کھار صبح کے وقت گائے کی چھاچھ کے ساتھ اور شام کو تازہ پانی کے ساتھ کھلانا تلی میں مفید ہے،

(۵) ایک ایک ماشہ گندم کا کھار حسب مزاج مریض گرم یا تازہ پانی کے ساتھ صبح و شام کھلانا دمہ کو دور کرتا ہے۔

(۶) اسیطرح استعمال کرنے سے بگڑی ہوئی آواز درست ہو جاتی ہے،

(۷) گندم کا کھار ایک ایک ماشہ صبح کے وقت گائے کی چھاچھ کے ساتھ اور شام کے وقت پانی کے ساتھ کھلانے سے پانڈو روگ (ضعف جگر) دور ہوتا ہے۔

(۸) ایک ایک ماشہ گندم کا کھار صبح و شام پانی کے ساتھ کھلانے سے پتھری دور ہو جاتی ہے۔

(۹) ایک ایک ماشہ گندم کا کھار صبح کے وقت گائے کی چھاچھ کے ساتھ اور شام کے وقت تازہ پانی کے ساتھ کھلانے سے پیٹ کے ہر قسم کے کیڑے دور ہو جاتے ہیں۔

(۱۰) کیڑے اگر دماغ میں ہوں تو گندم کا کھار اور سونٹھ مساوی وزن لیکر باریک پیسکر کپڑ چھان کریں، دن میں دو بار اس کی نسوار سے دور ہو جاتے ہیں۔

(۱۱) ایک ایک ماشہ گندم کا کھار صبح و شام گرم پانی کے ساتھ کھلائیں اس سے باؤگولہ دور ہو جاتا ہے۔

(۱۲) ایک ایک ماشہ گندم کا کھار صبح و شام کھانے سے سوزاک دور ہو جاتا ہے۔

(۱۳) اسی طرح استعمال کرنے سے رُکا ہوا پیشاب کھلکر آنے لگتا ہے۔

(۱۴) گندم کا کھار ایک حصہ۔ گڑ دو حصہ۔ دونوں کو یکجان کر کے ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی دن میں دو تین بار منہ میں رکھکر چوسنے سے کھانسی دور ہو جاتی ہے

(۱۵) گندم کا کھار ایک حصہ۔ سونٹھ دو حصہ دونوں کو باریک پیسکر کپڑ چھان کریں۔ اس میں سے ایک ایک ماشہ دن میں تین چار بار کسی قدر گرم پانی کے ساتھ کھلائیں۔ اس سے بدہضمی دور ہو جاتی ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

(۱۶) اگر پیچش ہو اور اس میں خون آتا ہو یا آؤں آتی ہو تو بھی اسی طرح استعمال کرائیں۔

(۱۷) ایک ایک ماشہ گندم کا کھار صبح و شام اگر ضرورت ہو تو دوپہر کے وقت بھی تازہ پانی کے ساتھ کھلانا جلودر کو دور کرتا ہے۔

(۱۸) گندم کے کھار کو پانی میں کھرل کر کے اور گرم کر کے لیپ کرنا، ورم کو دور کرتا ہے۔

(۱۹) منہ، حلق اور زبان کی سوجن میں گندم کے کھار تین ماشہ کو پاؤ بھر پانی میں حل کر کے دن میں دو تین بار غرارے کرائیں۔

(۲۰) گلپھڑوں اور کنپھڑوں کے ابھار میں گندم کے کھار کو پانی میں پیس کر اور گرم کر کے دن میں دو تین بار لیپ کیا کریں۔

(۲۱) گندم کا کھار ایک حصہ، سرمہ سیاہ دو حصہ دونوں کو باریک پیسکر کھرل کریں، حتیٰ کہ آنکھوں میں ڈالنے کے قابل ہو جائے اس کا دن میں دو بار سرمچو کے ساتھ آنکھوں میں ڈالنا پھولے کو دور کرتا ہے۔

(۲۲) عرق گلاب دو تولہ، گندم کا کھار دو رتی حل کر کے رکھیں، دن میں دو تین بار اس کے دو دو قطرے آنکھوں میں ڈالنا دکھتی آنکھوں کو اچھا کرتا ہے، اس سے ورم، کھجلی درد اور سرخی وغیرہ بہت جلد دور ہو جاتی ہے۔

(۲۳) گندم کا کھار ایک حصہ۔ سرمہ سیاہ پانچ حصہ، دونوں کو ایک ہفتہ تک لیموں یا کیلے کے رس میں کھرل کریں، صبح و شام اس کے آنکھوں میں لگانے سے نگاہ کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔

(۲۴) گندم کا کھار، ہرڑ، بہیڑہ اور آملہ گٹھلی دور کئے ہوئے برابر وزن (چاروں ایک ایک چھٹانک) لیکر باریک پیسکر کپڑ چھان کریں، اس کو بطور منجن صبح و شام انگلی کے ساتھ دانت اور مسوڑھوں پر استعمال کریں۔ اور دس منٹ کے بعد تازہ پانی یا قدرے گرم پانی سے منہ صاف کریں، اس سے دانتوں کا میلاپن، منہ کی بدبو، زبان کے چھالے یا پکنا، مسوڑھوں سے خون یا پیپ کا آنا، مسوڑھوں کا پھولنا وغیرہ روگ دور ہو جاتے ہیں۔

(۲۵) گندم کا کھار ۶ ماشہ۔ گرم پانی ۲۰ تولہ، دونوں کو ملا کر اس کے ساتھ دن میں دو بار اور اگر موسم اچھا ہو تو ایک بار ہی زخموں کو دھونے سے زخم صاف ہوتے اور جلدی بھر جاتے ہیں۔

(۲۶) اسی طرح استعمال کرنے سے زخموں کے کیڑے بھی دور ہو جاتے ہیں۔

(۲۷) گندم کے کھار کو پانی میں پیسکر دن میں دو بار داد یا چنبل پر لیپ کرنا مفید ہے۔

(۲۸) وات روگ (امراض ریحی) میں ایک ماشہ گندم کا کھار صبح و شام گرم پانی کے ساتھ کھلانا ایک حصہ کھار میں آٹھ حصہ تلوں کا تیل ملا کر اور گرم کر کے مالش کرنا مفید ہے۔

(۲۹) گندم کا کھار ایک حصہ۔ سرسوں کا تیل آٹھ حصہ، دونوں کو کھرل کر کے جسم پر مالش کریں، ایک گھنٹہ کے بعد صاف کر دیں اس سے کھجلی دور ہو جاتی ہے۔

(۳۰) اسی طرح استعمال کرنا موسم گرما میں زیادہ پت نکلنے میں مفید ہے۔

(۳۱) گندم کا کھار ایک حصہ، چنبیلی کا تیل دو حصہ، دونوں کو کھرل کر کے رات کو سوتے وقت لیپ کرنے سے چھینپ اور سیاہ داغ دور ہو جاتے ہیں۔

(۳۲) گندم کا کھار اور نوشادر برابر وزن پیسکر رکھیں، گرم دودھ یا تازہ پانی کے ساتھ چار رتی کھلانے سے جسم کے کسی حصہ میں بھی درد ہو آرام آ جاتا ہے۔

(۳۳) بخار کی تیزی میں اگر مریض کے ہوش و حواس درست نہ رہے ہوں تو ایک ماشہ گندم کا کھار ایک چمچہ پانی میں حل کر کے پلائیں۔

(۳۴) اگر نمونیہ کا مریض بے ہوشی میں پرلاپ (بکواس) کر رہا ہو تو اسے ایک ماشہ گندم کا کھار گرم پانی ایک اونس میں حل کر کے پلائیں۔

(۳۵) ملیریا (موسمی بخار) میں ایک ماشہ گندم کا کھار گرم پانی کے ساتھ کھلائیں تو اس سے چڑھا ہوا بخار پسینہ آ کر اتر جاتا ہے۔

(۳۶) اگر بخار میں پت بڑھا ہوا ہو اور مریض کو ہری اور پیلی قے آتی ہو، تو ایک تولہ املی کے گودا کو آدھ پاؤ پانی میں آدھ گھنٹہ بھگو اور مل چھان کر اس کے ساتھ ایک ماشہ گندم کا کھار کھلائیں۔

(۳۷) کف کے بخار میں گندم کا کھار ایک ایک ماشہ صبح و شام گرم پانی کے ساتھ کھلانا مفید ہے۔

(۳۸) چار چار رتی گندم کا کھار صبح و شام گرم پانی کے ساتھ کھلانا انتڑیوں میں زیادہ ہوا پیدا ہونے میں مفید ہے اس سے رکی ہوئی ہوا خارج بھی ہو جاتی ہے۔

(۳۹) درد شکم میں ایک ماشہ گندم کا کھار گرم پانی کے ساتھ کھلائیں۔

(۴۰) گندم کے کھار کا دیر تک لگاتار استعمال کرنا مردوں کی قوت مردمی اور عورتوں کی چھاتیوں کو کمزور کر دیتا ہے۔

ہیضہ کے چند قیمتی نسخے

ہیضہ کی موٹی علامات یہ ہوتی ہیں۔ دل کا متلانا، الٹی و دست سے کمزوری کا ہونا، پیٹ میں درد، پیاس کا زیادہ ہونا، ایک چیز کا الٹی ہو کر نکل جانا۔ آنکھوں کا گڑھے میں اتر جانا وغیرہ

(۱) افیون ۱/۸ حصہ۔ مرچ سیاہ۔ کافور۔ ہینگ مساوی الوزن کھرل کرو اور ۵ رتی خوراک دو۔

(۲) آک کی جڑ کا چھلکا ۳ تولہ۔ مرچ سیاہ ۳ تولہ۔ تخم مرچ سرخ ۳ تولہ۔ آدھی بوتل سرکہ میں کھرل کریں۔ جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک ۲ گولی دیں اور فاقہ رکھائیں۔

(۳) شدھ سہاگہ۔ شدھ گندھک۔ سونا مکھی بھسم۔ سونٹھ چورن شدھ پارہ۔ سنکھیا سفید۔ شدھ وش ہر ایک تولہ تولہ۔ شنگرف ۷ تولہ۔ ان سب کو لے کر لیموں کے رس میں کھرل کر کے سرسوں کے برابر گولیاں بنالیں۔ ادرک یا پودینہ کے رس میں ایک گولی آدھ یا ایک گھنٹہ بعد دیں۔

(۴) گم ہیضہ میں جب صرف درد ہو، دست اور الٹیاں نہ ہوں تو گرم پانی میں نمک ملا کر پلا کر الٹی کرانے سے آرام آتا ہے۔

نوٹ: ہیضہ کی بیماری میں کشتہ تانبا اکسیر کا حکم رکھتا ہے، جب اینٹھن ہو رہی ہو، ہاتھ اور پاؤں اکڑ رہے ہوں، جسم سرد ہو رہا ہو، اسوقت ۱/۴ رتی سے ۱ رتی تک تانبا کا کشتہ منقہ میں رکھکر دیں۔ اوپر سے جنجبر کی بوتل پلا دیں فائدہ ہوگا۔ اور پیاس لگنے پر کافور آمیز پانی یا جائفل یا الائچی کا کاڑا بنایا ہوا پانی پینے کیلئے دیں۔ جب مریض کا آخری وقت ہو تو اسوقت حقہ کا پانی پلانا مفید ہے۔

مجربات

قے۔ نیم کے پتوں کو سایہ میں خشک کر کے راکھ کریں، اور کپڑے میں چھان رکھیں، معدہ میں سے خوراک جانے پر بھی اگر کسی وجہ سے قے بند نہ ہوتی ہو تو تین ماشہ یہ راکھ کسی قدر گرم پانی سے کھلائیں قے فوراً بند ہو جائے گی۔

جوئیں اور جم جوئیں۔ دھتورے کے تازہ پتوں کو پانی میں دھو کر کچل اور نچوڑ کر رس نکالیں جسقدر یہ رس ہو اس سے آدھا وزن تلوں کا تیل ملا کر آگ پر پکائیں، جب صرف تیل باقی رہے تو

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اس کو آگ پر سے اُتار کر اور چھان کر رکھیں، اس تیل کے لگانے سے جوئیں اور جم جوئیں مر جاتی ہیں۔

بہرہ پن ۔ بل کے سبز پتوں کو رگڑ کر چٹنی سی بنائیں، اور اس کو نچوڑ کر رس نکالیں، جس قدر یہ رس ہو اس سے آدھا حصہ سرسوں کا تیل ملا کر آگ پر رکھیں، جب صرف تیل باقی رہے تب چھان کر رکھیں، اس کی دو دو بوند دن میں دو بار کانوں میں ڈالتے رہنے سے بہرہ پن دور ہو جاتا ہے۔

خون کا جاری ہونا ۔ اڑوسہ (بانسہ) کے تر و تازہ پتے دو تولہ لیکر آدھ پاؤ پانی میں رگڑ اور چھان کر صبح اسی طرح شام کے وقت پلانے سے جسم کے کسی بھی حصہ سے اور کسی بھی وجہ سے خون آتا ہو تو بند ہو جاتا ہے، خصوصاً نسل میں جب کہ پھیپھڑوں سے خون آتا ہو یہ نسخہ نہایت مفید ہے۔

پائیوریا ۔ نیم کے چھلکے اور پتوں کو سایہ میں خشک کر کے آگ میں جلا کر اور باریک پیس کر کپڑ چھان کر رکھیں، اسے دن میں دو بار صبح و شام دانت اور مسوڑھوں پر بطور منجن استعمال کرنے سے پائیوریا دور ہو جاتا ہے۔

سوزاک ۔ سفید پھول کے کچنار کی چھال کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر کپڑ چھان کریں۔ اور چھ چھ ماشہ صبح و شام پانی کے ساتھ کھلائیں۔ سوزاک کی ہر حالت کیلئے بہترین دوائی ہے۔

سونگھنے کی طاقت جاتے رہنا ۔ سوہانجنہ کے پتوں کو کچل اور نچوڑ کر رس نکالیں، جس قدر یہ رس ہو اس سے آدھا حصہ تلوں کا تیل ملا کر آگ پر پکائیں، جب صرف تیل باقی رہے، تب چھان کر رکھیں، اس تیل کی دو بار نسوار لینے رہنے سے گئی ہوئی سونگھنے کی طاقت دوبارہ حاصل ہو جاتی ہے اگر مرض بہت دیرینہ ہو تو سوہانجنہ کے چھلکے کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر کپڑ چھان کریں، اور چھ چھ ماشہ صبح و شام گرم دودھ کے ساتھ کھلاتے بھی رہیں۔

آنکھ کا پھولا ۔ سرمہ سیاہ ۔ سنکھ سمندری کچا ۔ مغز کرنجوہ برابر وزن باریک پیس کر کپڑ چھان کریں، اور کھرل میں ڈال کر ڈھاک کے پھول (کیسو) کے رس میں دو ہفتہ کھرل کریں اس کے بعد خشک ہونے پر کپڑے میں سے چھان کر رکھیں، صبح اور رات کو سوتے وقت سلائی کے ساتھ آنکھوں میں لگایا کریں، بے ضرر اور نہایت مفید ہے۔

کان کا بہنا ۔ کپاس کے تر و تازہ پتوں کو کچل کر نکالا ہوا رس دو حصہ، تل کا تیل ایک حصہ، دونوں کو ملا کر آگ پر رکھیں جب رس جلکر صرف تیل باقی رہے، تب آگ پر سے اُتار کر اور چھان کر رکھیں، اس تیل کی دو دو بوندیں دو بار کان میں ڈالنے سے کان کا بہنا، درد کان اور خشکی کیوجہ سے کان میں آوازوں کا آنا وغیرہ روگ دور ہو جاتے ہیں۔

بال امرت ۔ اس نسخہ کو اشتہاری دوا فروش مختلف ناموں سے فروخت کرتے ہیں۔ یہ دوا بچوں کیلئے نہایت مفید ہے، اس سے بچوں کی بدہضمی، کمزوری، بخار، قے، دست، کھانسی، اور دیگر کئی امراض دور ہوتے ہیں۔

تین پاؤ جوشاندہ کا پانی (لائم واٹر) تیار کر کے اس میں مصری کوزہ مناسب مقدار میں اور رنگ کیلئے رتن جوت ۲ تولہ ملا کر شربت کی طرح قوام کریں ٹھنڈا ہونے پر شیشیوں میں بند کریں، عمدہ سرخ رنگ کا شربت تیار ہوگا، نصف چمچہ سے ایک چمچہ تک مناسب عمر استعمال کریں۔

ہماری ترقی کا راز

ذرا سا شبہ ہونے پر دو صد روپے کا سُرمہ فی الفور تلف کیا گیا

بعض لوگ حیران ہیں کہ ہمارا کارخانہ اس قدر جلد جلد کیسے ترقی کر رہا ہے، سو ایسے دوستوں کو یاد رکھنا چاہئے کہ ہماری ترقی کا راز یہ ہے کہ بہترین سے بہترین چیز پبلک کو دو، اور ہم ذرا سا شبہ ہونے پر بھی پبلک کو خراب چیز نہیں دینا چاہتے، اور اس کے بالمقابل اپنا زیادہ سے زیادہ نقصان بخوشی برداشت کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ اسّی تولہ سُرمہ تیار کیا گیا، آندھیوں کے دن تھے، ہمیں شبہ ہوا کہ کسی وجہ سے اس میں کچھ گرد پڑ گئی ہے چنانچہ تیار کرنے کے بعد حسب دستور سب سے پہلے ہم نے خود استعمال کیا اور معلوم ہوا کہ اس میں واقعی گرد کا کچھ اثر ہے، لہٰذا یہ اسّی تولہ سُرمہ دو روز قبل دیواروں پر اشتہار چسپاں کرنے کے بعد ۹ جولائی ۱۹۲۸ء بوقت ۵ بجے شام پبلک کے سامنے تلف کیا گیا اس سے آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ کارخانہ کس احتیاط سے اپنی ادویات تیار کرتا ہے، اور پبلک کو اچھی اور کھری چیز مہیا کرنے کے واسطے اپنے بڑے سے بڑے نقصان کو بھی خاطر میں نہیں لاتا، ہمارا یہ دعویٰ ہے، کہ ہندوستان میں شاید ہی کسی دواخانہ میں ایسی احتیاط اور دیانت کو مدنظر رکھا جاتا ہو۔

ذرا سا شبہ ہونے پر چار سو روپے کی اکسیر البدن تلف کی گئی

یہ اس اشتہار کی نقل ہے جو ۲۷ جولائی ۱۹۲۹ء کو قادیان کی عام گزرگاہوں پر چسپاں کیا گیا۔

کارخانہ کی دیانت داری کا ثبوت!

"ہم ذرا سا شبہ پر بھی پبلک کو خراب چیز نہیں دینا چاہتے، یہی ہماری ترقی کا راز ہے، سٹور میں اکسیر البدن کا کافی سٹاک موجود، مگر ہمیں یہ شبہ ہے کہ بوجہ ایکسال گزر جانے کے شاید اس کے اثر میں کچھ فرق آگیا ہو، لہٰذا اس شبہ پر آج ۲۷ جولائی ۱۹۲۹ء کو بوقت ۵ بجے شام دفتر نور اینڈ سنز نور بلڈنگ کے سامنے چار صد روپیہ کی اکسیر البدن تلف کی جائیگی۔ اگر پبلک چاہے تو اس موقعہ پر تشریف لاکر ہماری صداقت کا امتحان کر سکتی ہے۔"

آپ کا خیر اندیش۔ منیجر نور اینڈ سنز قادیان ۲۷ جولائی ۱۹۲۹ء

نوٹ:۔ یہ مذکورۃ الصدر اشتہار شہر کی عام گزرگاہوں پر ۱۱ بجے صبح چسپاں کیا گیا اور حسب وعدہ ٹھیک ۵ بجے شام دفتر نور اینڈ سنز کے سامنے چار صد روپیہ کی اکسیر البدن تلف کیگئی، اس سے آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ کارخانہ ادویات کے معاملہ میں کسقدر محتاط ہے، اور ہمارا یہ دعویٰ ہے، کہ تمام ہندوستان میں شاید ہی کسی اور دواخانہ میں ایسی احتیاط سے کام لیا جاتا ہو، یہی وجہ ہے کہ ہماری ساختہ ادویات روز بروز مقبول عام ہو رہی ہیں اور جس نے ایک دفعہ بھی معاملہ کیا وہ ہمیشہ کا گاہک اور اس کارخانہ کا زندہ اشتہار بن گیا۔

آپ کا خیر اندیش:۔ **منیجر نور اینڈ سنز نور بلڈنگ قادیان ضلع گورداسپور پنجاب**

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہمارے ساتھ معاملہ کرنے میں آپکو فی روپیہ سولہ آنے فائدہ ہے

ہم اپنی ادویات کو لمبے تجربے اور ہر طرح تسلی کے بعد ملک میں لائے ہیں، مگر پھر بھی کوئی حکیم یا ڈاکٹر یہ دعویٰ نہیں کرسکتا کہ اس کی دوا سو فی صدی مفید ہی بیٹھتی ہے اگر کوئی دوا اسّی فیصدی بھی مفید ہے تو وہ اکسیر اعظم سے بھی بڑھ کر ہے۔

مگر ہم ان بیس فی صدی کو بھی نقصان میں نہیں رکھنا چاہتے، اگر خدانخواستہ کسی صاحب کو ہماری کسی دوا سے فائدہ نہ ہو تو جو ہمارے مستقل گاہک ہیں یا جنہیں ہم جانتے ہیں یا جو قابل اعتبار حیثیت رکھتے ہیں ان کے تو معمولی ارشاد پر ہی کہ ہمیں آپ کی دوا سے کچھ فائدہ نہیں ہوا، بقیہ دوا واپس لے کر ان کی قیمت فی الفور واپس کردی جائیگی۔ اور دوسرے اصحاب کی حلفیہ شہادت پر ان کی قیمت واپس ہوگی، بشرطیکہ ایسی اطلاع دوا بھیجنے سے دس روز تک دفتر میں پہنچ جائے ہمارے اس چودہ سال کے کاروبار میں صرف ان چار اشخاص (۱) یار محمد صاحب طالب علم سکول نتکانی ضلع ڈیرہ غازی خاں کی شکایت پہنچی کہ مجھے فائدہ نہیں ہوا، چنانچہ ان کی قیمت بذریعہ منی آرڈر ۳۰/ ۲۹-۷-۸ فی الفور واپس کردی گئی۔ (۲) جناب محمد سلطان احمد صاحب بڑنگر ضلع اجین ریاست گوالیار کی شکایت آئی اور ان کی قیمت بھی بذریعہ منی آرڈر ۳۴۹۹/ ۳۰-۴-۱۵ فی الفور بھیج دی گئی (۳) اور سید عبدالمجید صاحب آف منصوری کی قیمت بھی واپس کردی گئی (۴) جناب محمد افضل خاں صاحب نائب تحصیلدار لدھیانہ کی شکایت پر بھی ان کی قیمت بذریعہ منی آرڈر ۲۴۳۱/ ۳۱-۲-۲۵ فی الفور واپس کردی گئی۔ اور اس نیک معاملہ کو دیکھ کر صاحب موصوف نے لکھا کہ آپ نے جس دیانتداری اور امانت کا ثبوت دیا ہے وہ فی زمانہ قابل ہزار تحسین ہے۔"

ان حالات کی موجودگی میں آپ اس امر کا بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ہمارے ساتھ معاملہ کرنے والے کسی صورت میں بھی نقصان میں نہیں رہتے، اور تمام ہندوستان میں یہی ایک فرم ہے جو اپنے گاہکوں کو اس قسم کی عملی تسلی دلا سکتی ہے لہٰذا اب آپکو بدوں کسی جھجک کے فی الفور ہمارے گاہک بن جانا چاہئے، کیونکہ ہمارے ساتھ معاملہ کرنیمیں آپکو ہر طرح فائدہ ہی فائدہ ہے، اگر دوائی مفید ہوئی اور انشاء اللہ یقیناً مفید ہوگی پھر تو کہنا ہی کیا۔ ورنہ آپ کی قیمت واپس۔ اس سے بڑھ کر اور کیا تسلی اور نفع بخش سودا ہو سکتا ہے اور اب تو پبلک کو وسیع پیمانہ پر فائدہ پہنچانے کیلئے کارخانہ نے ۲۵-۲۶-۲۷-۲۸ اگست ۱۹۳۶ء کیلئے قیمتیں بھی نصف کردی ہیں۔ لہٰذا اس سنہری موقعہ سے آپ کو ضرور فائدہ اُٹھانا چاہئے۔ نہ صرف خود ہی بلکہ اس زریں موقعہ میں اپنے دوسرے دوستوں کو بھی شامل کیجئے، ورنہ بعد میں پھر یہ سنہری موقعہ جلد میسر نہ آسکیگا۔

آپ کا خیر اندیش

منیجر نور اینڈ سنز، نور بلڈنگ قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

بہترین خضاب کا نسخہ صرف پانچ روپیہ میں حاصل کیجئے

جرمنی اور جاپانی وغیرہ خضابوں میں یہ ایک نقص ہے کہ وہ جلن پیدا کرتے ہیں جس سے بسا اوقات منہ سوج جاتا ہے اور جس کا نتیجہ کئی ایک حالات میں بہت نقصان دہ ہوتا ہے، ہمارے اس خضاب کے اجزاء دیسی، معتدل، اور مسکن اور بالوں کو ملائم رکھنے والے ہیں اور پھر سستا اتنا ہے کہ ایک ماہ کیلئے ایک آنہ سے زیادہ خرچہ نہیں پڑتا، اور بالوں کا رنگ بالکل قدرتی نظر آتا ہے اگر دوسو دوستوں کی درخواستیں آجائیں تو فی خریدار یہ نسخہ پانچ روپے میں مہیا کیا جائے گا، جس سے وہ ہمیشہ کیلئے ضرر رساں خضابوں کی خرید سے محفوظ ہو جائینگے اور پھر اس خضاب کے اجزاء اسقدر عام اور سہل الحصول ہیں کہ ایک چھوٹے سے چھوٹے گاؤں میں بھی بآسانی میسر آسکتے ہیں۔

آرڈر بھیجنے کا پتہ:-

منیجر نور اینڈ سنز، نور بلڈنگ، قادیان ضلع گورداسپور

ہمارے ساتھ معاملہ کرنیمیں آپکو سو فیصدی فائدہ ہے

اگرچہ ہماری فرم کا پیکنگ مشہور ہے اور مقامی ڈاکخانہ دوسرے لوگوں کے سامنے ہمارے عمدہ پیکنگ کو بطور نظیر پیش کیا کرتا ہے، باوجود اس احتیاط کے اگر پھر بھی کسی وجہ سے راستے میں بکس ٹوٹ جائے یا کسی اور سبب سے راستہ میں دوا ضائع ہو جائے، تو جو ہمارے مستقل گاہک یا جنہیں ہم جانتے ہیں یا جو قابل اعتبار حیثیت رکھتے ہیں، ان کے تو معمولی ارشاد پر اور دوسرے اصحاب کی حلفیہ شہادت پر انہیں دوبارہ دوا مفت صرف محصول ڈاک کی ادائیگی پر ارسال خدمت کی جائیگی۔ بشرطیکہ دوا پہنچنے سے ایک ہفتہ تک ایسی شکایت دفتر میں پہنچ جائے۔ چنانچہ اس چودہ سال کے لمبے عرصہ میں صرف پانچ شکایات (۱) جناب ڈاکٹر فتح الدین صاحب سب اسسٹنٹ سرجن تنگی ضلع پشاور (۲) جناب جمعدار شیر محمد صاحب ایم ٹی ڈپو چک لالہ چھاؤنی (۳) جناب بابو سکندر میر صاحب کلرک جنرل پوسٹ آفس کراچی (۴) جناب سی کنہی احمد صاحب پنگاڈی (مالابار) (۵) جناب حکیم شیخ نور بخش صاحب صورو (اوڈیسہ) کی آئیں کہ راستہ میں کسی بے احتیاطی کی وجہ سے ادویات صحیح حالت میں نہیں پہنچیں۔ ان سے صرف محصول ڈاک وصول کر کے بذریعہ رجسٹرڈ پارسل ۱۱۷/ ۳۰-۳-۸ و ۱۳۰/ ۳۰-۳-۲۸ و ۷۹۹۴/ ۳۵-۱۱-۲۸ وغیرہ فی الفور دوبارہ ان کی خدمت میں ادویہ مفت ارسال کردی گئیں۔

ان حالات کی موجودگی میں آپ اس امر کا بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ہمارے ساتھ معاملہ کرنے والے کسی صورت میں بھی نقصان میں نہیں رہتے، اگر دوا نے فائدہ نہ کیا، پھر بھی ان کی قیمت واپس مل جائے گی اور اگر دوا سالم نہ پہنچے پھر بھی دوا دوبارہ مفت دی جائے گی۔ غرضیکہ گاہکوں کے ہر طرح ... پو بارہ ہی بارہ ہیں۔ بلاشبہ تمام ہندوستان میں یہی ایک فرم ہے جو اپنے گاہکوں کے ساتھ ایسا تسلی بخش معاملہ کرتی ہے۔ پبلک کو وسیع پیمانہ پر فائدہ پہنچانے کے لئے کارخانہ نے ۲۵-۲۶-۲۷-۲۸ اگست ۱۹۳۶ء کے لئے قیمتیں بھی نصف کردی ہیں لہٰذا دوستوں کو اس سنہری موقعہ سے ضرور فائدہ اُٹھانا چاہئے، ورنہ پھر ایسا سنہری موقعہ جلد میسر نہ آسکیگا۔ لہٰذا اس زریں موقعہ سے آپ نہ صرف خود ہی فائدہ اٹھائیے، بلکہ اپنے دوسرے دوستوں کو بھی شامل کیجئے، ورنہ بعد میں سوائے کف افسوس ملنے کے اور کوئی چارہ نہ ہوگا

آپ کا خیر اندیش

منیجر نور اینڈ سنز، نور بلڈنگ، قادیان، ضلع گورداسپور پنجاب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ایک روپیہ کی چیز آٹھ آنہ پر

غیر معمولی خوشی پر

غیر معمولی رعایت

ایک روپیہ کی چیز آٹھ آنہ پر

جو دوست اپنے خطوط ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸ر اگست ۳۶ء کو ڈاک خانہ میں ڈالینگے انہیں ایک روپیہ کی چیز آٹھ آنہ پر ملیگی

قرآن مجید کے ہندی ترجمہ کی تکمیل اور نور کی پچیسویں ۲۵ سالگرہ کی خوشی پر ادویہ اور کتب میں غیر معمولی رعایت دی جارہی ہے۔ جو دوست اپنے خطوط ۲۵-۲۶-۲۷-۲۸ر اگست ۱۹۳۶ء کو ڈاک خانہ میں پوسٹ کرینگے یا انہی تاریخوں پر اس کارخانہ سے دستی خرید فرمائیں گے۔ انہیں کارخانہ کی شہرۂ آفاق ادویہ مثلاً موتی سرمہ۔ اکسیر البدن اکسیر اکبر۔ اکسیر معدہ۔ رفیق زندگی۔ موتی دانت پوڈر۔ اکسیر جریان۔ تریاق اعظم۔ تریاق سوزاک۔ اکسیر بواسیر۔ افیون چھڑاؤ گولیاں قبض کشا گولیاں۔ مچھر پروف۔ اکسیر دمہ۔ اکسیر بچگاں وغیرہ وغیرہ نصف قیمت پر دی جائینگی۔ اور مسلمہ علمی کتب میں غیر معمولی رعایت کا اشتہار اسی اخبار کے صـ۱۲ پر ملاحظہ فرمائیے اور اس سنہری موقع سے آپ نہ صرف خود ہی فائدہ اٹھائیے بلکہ اپنے دوستوں کو بھی شامل کیجئے۔

موتی سُرمہ رجسٹرڈ

جو جملہ امراض چشم کے نئے اکسیر ہے

ضعف بصر۔ کرے۔ جلن۔ پھولا۔ جالا۔ خارش چشم۔ پانی بہنا۔ دھند۔ غبار۔ پڑ مال۔ ناخونہ۔ گوہانجنی۔ رتوند۔ ابتدائی موتیا بند وغیرہ غرضیکہ یہ سرمہ جملہ امراض چشم کیلئے اکسیر ہے۔ جو لوگ بچپن اور جوانی میں اس سرمہ کا استعمال رکھتے ہیں وہ بڑھاپے میں اپنی نظر کو جوانوں سے بھی بہتر پاتے ہیں۔ قیمت فی تولہ دو روپے آٹھ آنے رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ چار آنے۔ محصول ڈاک علاوہ۔

حضرت میاں بشیر احمد صاحب ایم اے ناظر تعلیم و تربیت

تحریر فرماتے ہیں کہ "میں اس بات کے اظہار میں خوشی محسوس کرتا ہوں کہ میں نے آپ کے موتی سرمہ کو استعمال کر کے اسے بہت مفید پایا۔ گذشتہ دنوں مجھے یہ تکلیف ہوگئی تھی۔ کہ زیادہ مطالعہ یا تصنیف سے آنکھوں میں درد ہونے لگتا تھا۔ اور دماغ میں بوجھ رہنے کے علاوہ آنکھوں میں سُرخی بھی رہتی تھی۔ ان ایام میں میں نے جب بھی آپ کا سرمہ استعمال کیا مجھے یقینی طور پر فائدہ ہوا۔"

ڈاکٹر صاحب کی رائے

جناب ڈاکٹر محمد ابراہیم صاحب کنٹونمنٹ سپرنٹنڈنٹ چھاؤنی فیروزپور تحریر فرماتے ہیں کہ "آپ کے موتی سرمہ کی خدا کے فضل و کرم سے فیروزپور چھاؤنی میں دھوم مچگئی ہے۔ میری آنکھیں مجھے قریباً قریباً جواب ہی دے چکی تھیں۔ خیال تھا کہ موگہ جاکر آنکھوں کا علاج کراؤں۔ اچانک الفضل پڑھتے پڑھتے آپ کے اشتہار پر نظر پڑی، منگوایا استعمال کیا، سُرمہ کیا ہے، گویا اللہ تعالیٰ کی رحمت کا کرشمہ ہے، میں تو کیا جس جس نے بھی استعمال کیا۔ اس کے مسیحائی اثر کو دیکھ کر حیرت میں رہ گیا، براہ کرم مات تولہ موتی سرمہ علیحدہ علیحدہ سات شیشیوں میں بذریعہ وی پی جلد بھیج دیجئے۔"

اکسیر البدن دُنیا میں ایک ہی مقوی دوا ہے

جس نے ایک دفعہ استعمال کی وہ ہمیشہ کیلئے گرویدہ ہوگیا

اگر آپ کی طبیعت پژمردہ، چہرہ زرد، سر یا کمر میں درد، حافظہ کمزور، کسی کام پر دل نہ لگتا، چلتے وقت دم چڑھ جاتا، پنڈلیوں میں، دردسی محسوس ہوتی، ہاتھ پاؤں پھولتے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اکسیر اکبر کا معجزہ

ایک اسی سالہ بوڑھے کی آواز

میں باوجود اسی سالہ بوڑھا ہونے کے الحمد للہ! اب جوانوں سے بھی بڑھ کر طاقت

محسوس کرتا ہوں، کیوں؟ اسلئے کہ میں گاہے گاہے نور اینڈ سنز کی ساختہ مشہور طاقت کی دوا "اکسیر اکبر" کا استعمال کرتا رہتا ہوں جو ضعف دل، ضعف دماغ، ضعف اعصاب، ضعف ہاضمہ، ضعف بصر، قبل از وقت بالوں کا سفید ہو جانا، دل کی دھڑکن، سر کا چکرانا، آنکھوں میں اندھیرا آنا، سستی، اداسی، غرضیکہ جملہ کمزوریوں کیلئے تیر بہدف، فرحت اور تازگی بخشتے، دل میں نئی امنگ، اعضاء میں نئی ترنگ، دماغ میں نئی جولانی، کمزور کو زور آور اور زور آور کو شاہ زور، نامرد کو مرد اور مرد کو جوانمرد بنانے کے لئے اپنی نظیر آپ ہی ہے۔ جس کی خوبیوں کے

تجربہ کار ڈاکٹر بھی گیت گا رہے ہیں

چنانچہ ڈاکٹر شیر محمد صاحب عالی اسسٹنٹ سرجن فورٹ لاکھارٹ ضلع کوہاٹ سے تحریر فرماتے ہیں کہ:

"اکسیر اکبر کی ایک ماہ کی خوراک جو آپ سے منگوائی تھی، ایک مریض کو جس کی عمر پینتالیس سال سے بھی متجاوز ہو چکی تھی اور جس کو کمزوری تقریباً عرصہ پچیس سال سے تھی، استعمال کرائی گئی، استعمال کے بعد حیرت انگیز تبدیلی اس کے جسم میں رونما ہوئی، جو سینکڑوں مقوی ادویہ کے کھانے سے بھی آج تک نہ ہوئی تھی، یعنی اکسیر اکبر کے استعمال سے اس کی صحت ایسی ہو گئی، جیسے اٹھارہ سالہ نوجوان کی چڑھتی جوانی کا عالم ہوتا ہے۔"

یہ سونے کے کشتہ، کستوری، عنبر، یوہمبین وغیرہ بیش بہا قیمتی اجزاء کا بہترین مرکب ہے، ایک ماہ کی خوراک کی قیمت بتیس روپے رعایتی قیمت صرف دس روپے محصول ڈاک علاوہ۔

طلائے بے نظیر

صرف چند روز استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے، یہ اپنے حیرت انگیز فوائد اور زود اثری کیلئے اپنی نظیر آپ ہی ہے، شکایات مخصوصہ رگوں کا پھولنا، اعصابی کمزوری، جملہ شکایات داخلی و خارجی کا ایک ہی علاج ہے، اگر اس کی قیمت دس روپے

قوت رجولیت جواب دے چکی ہو، تو آپ آج سے ہی اکسیر البدن رجسٹرڈ کا استعمال شروع کر دیں۔ یہ دوا کیا ہے گویا طبی دنیا میں ایک حیرت انگیز انقلاب ہے، نامرد کو مرد اور مرد کو جوانمرد بنانا اس دوا پر ختم ہے، گردوں کو قوی بنانے، ناگہانی بیماریوں سے محفوظ رکھنے بھوک کے کھولنے، حافظہ کو تیز کرنے، رنگ کو نکھارنے، دل و دماغ کو تقویت دینے پٹھوں کو مضبوط بنانے، اور قبل از وقت بالوں کو سفید ہونے سے بچانے، طبیعت میں خوشی و نشاط پیدا کرنے، اعضائے رئیسہ و شریفہ کی زائل شدہ قوت کو بحال رکھنے، گری ہوئی جوانی کے قیام اور ضعیفی کی حفاظت، چہرہ کو شگفتہ، دماغ کو روشن، جسم کو چست و چالاک بنانے، گزشتہ امنگوں اور زائل شدہ آرزوؤں کو واپس لانے، اور جوہر حیات جس کے بغیر زندگی وبال ہے کو خاص ترقی دینے کیلئے یہ اپنی نظیر آپ ہی ہے، یہ دوا کیا ہے، گویا حیات انسانی کیلئے ایک نادر و نایاب تحفہ ہے، دل میں نئی امنگ، اعضاء میں نئی ترنگ اور دماغ میں نئی جولانی پیدا کرنا بس اسی کا ہی کام ہے۔ مختصر یہ کہ ہر قسم کی بدنی و دماغی کمزوری کیلئے اکسیر ہے۔ علاوہ ان فوائد کے اس کا استعمال ملیریا بخار سے بھی محفوظ رکھتا ہے اور اس سے پیدا شدہ کمزوری کو دور کر کے تنومند بناتا ہے۔

ایک ماہ کی خوراک کی قیمت جس میں ساٹھ گولیاں ہیں۔ پانچ روپے رعایتی قیمت صرف دو روپے آٹھ آنے۔ محصول ڈاک علاوہ۔

آپکی ادویہ کے اثرات آپکی مشتہرہ تعریف سے بے انتہا بلند ہیں

مکرم جناب ملک شیر محمد خاں صاحب رئیس اعظم کوٹ رحمت خاں ڈاکخانہ مومن ضلع شیخوپورہ سے تحریر فرماتے ہیں کہ "میرے جسم میں جسقدر خطرناک عوارض تھے، مثلاً فالج، پسلی کا درد، کمزوری، پیشاب کا جلن سے آنا، اکسیر البدن کے ذریعہ ان سب کو آرام ہو گیا، آپ جس دیانتداری سے ادویات تیار کرتے ہیں، اس کی اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے، آپ کی ادویہ کی تعریف جو اشتہاروں میں درج ہے ان کے اثرات اس تعریف سے بے انتہا بلند ہیں۔"

رفیق زندگی

عام طور پر مقوی ادویہ گرم ہوتی ہیں اور گرم مزاج والوں کو بعض اوقات ان کا استعمال مضر بھی بیٹھتا ہے، لہٰذا ایسی طبائع والوں کیلئے ایسی چیز کی ضرورت تھی کہ جو مقوی بھی ہو اور پھر مفرح بھی۔ سو مبارک ہو کہ آخر وہ چیز تیار ہو گئی، اس کا نام "رفیق زندگی" ہے۔ یہ ایک نادر تحفہ ہے، مفرح دل اور مقوی دماغ جس سے جوہر حیات کو خاص ترقی ہوتی ہے، بیماری یا کثرت کار یا کسی اور وجہ سے جن کے چہرے زرد، بے رونق، اور پژمردہ ہو چکے ہوں دل ہر وقت دھڑکتا، سر چکراتا، آنکھوں میں اندھیرا آتا، اٹھتے وقت ستارے سے دکھائی دیتے، بیچینی، گھبراہٹ، سستی، اداسی چھائی رہتی ہو، ذرا سے کام سے دل اکتا جاتا ہو، جسم میں سخت کمزوری ہو، ان کیلئے یہ جادو اثر دوا نعمت غیر مترقبہ ہے، اس دوا کا استعمال ایک سال کیلئے انشاء اللہ کسی دوسری مقوی دوا سے آپ کو بے نیاز کر دیگا، قیمت فی شیشی جسمیں ۵ تولہ یعنی ایکماہ کی خوراک ہے پانچ روپیہ رعایتی قیمت دو روپے آٹھ آنے۔

محصول ڈاک علاوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تولہ بھی رکھی جاتی تو بھی سستا تھا، مگر پبلک کے فائدہ اور اپنی چیز کی شہرت کے لئے فی الحال اس کی قیمت بہت ہی کم رکھی جاتی ہے، یعنی ایک تولہ کی قیمت دو روپے آٹھ آنے رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ چار آنے، محصول ڈاک علاوہ۔

پھول بغیر کانٹا

اس کے فوائد بھی وہی ہیں جو طلائے بے نظیر کے ہیں، ہاں اس میں یہ خوبی ہے کہ باندھنے وغیرہ کی ضرورت نہیں، قیمت فی تولہ تین روپے رعایتی قیمت صرف اکیس روپیہ آٹھ آنہ محصول ڈاک علاوہ۔ اگر طلائے بے نظیر یا پھول بغیر کانٹا کے ساتھ اکسیر البدن یا اکسیر اکبر یا رفیق زندگی کا بھی استعمال ہو تو پھر کیا کہنے، سونے پر سہاگہ ہے۔

تریاق اعظم

یہ حیرت انگیز ایجاد واقعی "تریاق اعظم" ہی ہے، اس ایک ہی تریاق سے سر سے لیکر پاؤں تک کی جملہ بیماریوں کا علاج کر لیجئے، گھر میں اس تریاق اعظم کی موجودگی ڈاکٹروں اور حکیموں کی ضرورت سے بے نیاز کر دیتی ہے، سفر میں آپ کی پاکٹ یا سوٹ کیس میں اس کی ایک شیشی کا ہونا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہسپتال کی جملہ ادویہ آپ کی پاکٹ میں ہیں، یہ تریاق اعظم کیا ہے، گویا بنی نوع انسان کیلئے نعمت عظمیٰ ہے، اصل قیمت دو روپے چار آنے، رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ دو آنے، محصول ڈاک علاوہ۔ یہ تریاق اعظم قریباً دو صد بیماریوں میں مفید تسلیم کیا گیا ہے، جن کی مختصر فہرست درج ذیل ہے مفصل پرچہ ترکیب استعمال میں ملاحظہ فرمائیے۔

سر درد ہر قسم۔ کمزوری دماغ۔ زکام۔ مرگی۔ سرسام۔ بے حسی۔ لقوہ۔ فالج۔ خارش دماغ۔ بیہوشی۔ دماغی چوٹ۔ اعصابی درد۔ خواب غفلت۔ بیخوابی۔ ہزیان۔ درد آنکھ۔ گوہا نجنی۔ درد کان۔ کانوں میں گھجلی۔ ورم گوش۔ کرم کان۔ کان کا پکنا۔ امراض ناک۔ ناک میں پھنسیاں۔ بدبوئے ناک۔ بدبوئے دہن۔ چھینکیں۔ سونگھنے کی قوت کا کم ہو جانا۔ نکسیر۔ تپ نزلی۔ درد دانت یا داڑھ مسوڑھوں کا پھولنا و درد۔ کرم دنداں۔ دانتوں سے خون جانا۔ دانتوں کو پانی لگنا۔ منہ میں چھالے۔ منہ کا سوجنا۔ سوج لب۔ سوج زبان۔ پھنسی لب۔ دانتوں کا اسفنجی ہونا (سکروی) دانت نکلنا۔ حلق کا بیٹھ جانا۔ گلے پڑنا۔ سوزش گلو۔ گلے میں کھرکھری۔ کھانسی۔ نزلہ۔ دمہ۔ بلغمی کھانسی۔ دمہ خشک۔ سل۔ نمونیہ۔ امراض دل۔ درد دل۔ ورم پستان۔ پیٹ درد۔ پیٹ کا پھولنا۔ بدہضمی۔ ہیضہ۔ درد قولنج۔ قراقر معدہ۔ ریح معدہ۔ کینچوا وغیرہ سب اقسام کرم الامعاء۔ پھوڑا معدہ۔ آہال پیچش۔ جی متلانا۔ قے۔ خون کی قے۔ ورم معدہ۔ قبض دائمی۔ ہچکی۔ بھس ڈکار جہازی بیماری۔ یرقان۔ جلودھر۔ درد جگر۔ نفخ جگر۔ استسقاء۔ تلی۔ خروج مقعد بھگندر۔ بواسیر۔ سوزش مثانہ۔ درد گردہ و مثانہ۔ حریان۔ نامردی۔ ورم خصیہ بائی گولہ۔ سر درد زناں۔ پرسوت زناں۔ سیلان الرحم۔ کثرت حیض۔ امراض حمل۔ امراض رحم۔ حیض کا درد سے آنا۔ حیض کا کم آنا۔ تمام درد اندرونی و بیرونی۔ گنٹھیا۔ عرق النسا (رنگین باؤ) درد لشت۔ پنڈلیوں کا پھولنا۔ جملہ اقسام بخار۔ انفلوئنزا یعنی جنگی بخار۔ تپ دق۔ پھوڑا پھنسی۔ زخم۔ ران کا لانسا۔ پت یا پتی۔ داد خبیث گلٹیاں۔ ورم چوٹ۔ خنازیر (بجیراں) آگ سے جلنا۔ ناسور۔ چھپاکی۔ بجلی سے جھلسنا۔ خارش مسہ۔ داغ خال۔ سوزش۔ کھجلی۔ مہاسہ۔ پسینہ بدبودار۔ بغل گند۔ ہاتھ پاؤں کا پھوٹنا۔ کچلا جانا۔ چھیپ۔ چھالے۔ کثرت پسینہ۔ آتشک۔ سوزاک زہر دار ڈنک۔ افیون چھڑوانا۔ تمباکو کا زہر۔ باولے کتے کا کاٹنا۔ زہریلی اشیاء کھائی جانا۔ طاعون و امراض بچگان۔ بچوں کا دودھ نہ پینا۔ ڈبہ اطفال۔ خسرہ چیچک سل۔ موٹاپا وغیرہ اور بھی کئی ایک امراض کا یہ ایک ہی دوا بہترین علاج ہے مفصل آپ کو پرچہ ترکیب استعمال سے معلوم ہوگا۔ یہ تریاق اعظم کیا ہے۔ حقیقی معنوں میں بنی نوع انسان کیلئے پیغام شفا ہے۔ آپ کے گھر میں اس کی ایک شیشی کا موجود رہنا گویا اس بات کی گارنٹی ہے کہ آپ ڈاکٹروں اور حکماء کی ضرورت سے بے نیاز ہیں۔

تریاق اعظم کے ذریعہ جان بلب مریض کو شفا ہو گئی!

جناب مسٹر خلیل الرحمٰن صاحب اپرائیر ایزر و ٹیڑھی آگرہ سے تحریر فرماتے ہیں کہ "میں نے تریاق اعظم نامی دوا آپ سے منگوائی۔ استعمال کی۔ میں اس کی جس قدر بھی تعریف کروں کم ہے، یہ تریاق اعظم ہر ایک بال بچہ والے گھر میں موجود رہنا بہت ضروری ہے، میرے پڑوس میں ایک جان بلب مریض کو اس تریاق سے فوراً شفا ہوئی اور ایسی مثالیں بیشمار ہیں۔ جن میں آڑے وقت میں تریاق اعظم تیر بہدف ثابت ہوئی۔ آپ نے ایسی بہترین دوا ایجاد کر کے مخلوق خدا پر بڑا احسان کیا ہے اگر اسے "زندگی کا رہبر" کہا جائے تو بجا ہے۔ ایک شیشی کلاں بہت جلد بذریعہ وی پی بھیج کر شکریہ کا موقع دیں۔"

اکسیر معدہ

یہ اکسیر جملہ امراض معدہ کیلئے تریاق ہے۔ ہیضہ، بدہضمی، کمی بھوک، درد شکم، اپھارہ باؤ گولہ، پیٹ کا گڑگڑانا، کھٹی ڈکاریں، جی کا متلانا، جگر و تلی کا بڑھ جانا، سر چکرانا، کرم شکم، قبض، اسہال، ریاح، کھانسی، دمہ کے لئے تیر بہدف ہے۔ دودھ گھی، مکھن، بالائی، انڈے وغیرہ ہضم کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ دماغ، حافظہ، ذہن کو تقویت دینے، کمزور اور دماغی کام کرنے والوں کیلئے بے نظیر چیز ہے، قیمت فی شیشی جو کئی ماہ کیلئے کافی ہے دو روپے رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ۔ محصول ڈاک علاوہ۔

ایڈیٹر صاحب فاروق کی رائے

مکرمی میر قاسم علی صاحب ایڈیٹر فاروق اکسیر معدہ کے متعلق تحریر فرماتے ہیں کہ "میں نے جناب سے اکسیر معدہ اپنے ذاتی استعمال کیلئے لی تھی، اندنوں مجھے نفخ شکم اور پیٹ میں ہر وقت بوجھ رہنے کی شکایت تھی، اس اکسیر کے استعمال

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سے خدا نے مجھے بہت جلد صحت دی اور میری تمام معدہ اور شکم کی تکلیف رفع ہوگئی اس کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے کاموں میں برکت دے۔"

موتی دانت پوڈر

حکماء اور ڈاکٹروں کا یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ گندہ منہ اور میلے دانت جملہ بیماریوں کا گھر ہیں، اگر آپ اپنی صحت کو مقدم اور ضروری سمجھتے ہیں تو آج سے ہی موتی دانت پوڈر کا استعمال شروع کردیں جو دانتوں کی کل بیماریوں کو دور کرتا، انہیں فولاد کی طرح مضبوط بناتا، موتیوں کی طرح چمکاتا، اور بدبودے دہن کو دور کرکے پھولوں کی سی مہک پیدا کرتا ہے، گوشت خورہ، دانتوں سے خون یا پیپ کا آنا، دانتوں میں میل جمنا یا ان کا رنگ زرد رہنا، اور منہ سے پانی آنا، غرضیکہ جملہ امراض دندان کیلئے یہ موتی دانت پوڈر اکسیر کا حکم رکھتا ہے، قیمت دو اونس کی شیشی جو خاصی مدت کیلئے کافی ہے ایک روپیہ رعایتی قیمت آٹھ آنے۔ محصول ڈاک علاوہ۔

ایک لیڈی ڈاکٹر کی رائے

لیڈی ڈاکٹر جناب غلام فاطمہ صاحبہ سب اسسٹنٹ سرجن لدھیانہ سے لکھتی ہیں کہ "مجھے اس کے اظہار میں خوشی ہے کہ آپ کے موتی دانت پوڈر نے مجھے بہت فائدہ دیا، براہ کرم ایک شیشی اور بذریعہ وی پی بھیج دیں۔ نیز میری ایک سہیلی کو موتی دانت پوڈر کی ضرورت ہے اور موتی دانت پوڈر جو پہلے آپ سے منگوایا تھا، وہ انہوں نے بھی استعمال کیا، ان کو بھی اس پوڈر سے بہت فائدہ ہوا، اب انہوں نے جلدی چھٹیوں پر کشمیر چلے جانا ہے اور انہوں نے مجھے تاکید کی ہے کہ ان کیلئے ایک شیشی پوڈر مذکور کی منگوادوں، لہٰذا بدیں خط ہذا آپ ایک شیشی موتی دانت پوڈر بذریعہ وی۔ پی ان کے پتہ پر جلد بھیج دیں۔"

اکسیر جریان

اس نامراد موذی مرض سے بڑھ کر اور کوئی خطرناک روگ نہیں، یہ اندر ہی اندر گھن کی طرح انسانی صحت کا ستیاناس کردیتا ہے، سر میں درد، چہرہ زرد، طبیعت سرد، ہاتھ پاؤں پھولے ہوئے، دل اکتایا ہوا، بھوک مری ہوئی، غرضیکہ یہ نامراد بیماری انسان کو زندہ درگور بنادیتی ہے، ہم نے سالہا سال کے تجربہ کے بعد اس موذی مرض سے نجات حاصل کرنے کیلئے ایک مجرب نسخہ ایجاد کیا ہے، اگر اس کی قیمت دس روپے بھی رکھی جاتی تو بھی تھوڑی تھی۔ مگر محض پبلک کی ہمدردی کی خاطر اس کی قیمت تین روپے مقرر کی جاتی ہے۔ رعایتی قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے، محصول ڈاک علاوہ

بیس سالہ احتلام جریان اور سستی جاتی رہی

جناب مہدی خاں صاحب مگھال ڈاک خانہ ڈلوال ضلع جہلم سے لکھتے ہیں کہ "جو جناب سے دوا اکسیر جریان منگوائی تھی، اس سے اس حد تک فائدہ ہوا کہ بیس سالہ احتلام جریان اور سستی جاتی رہی اس ایجاد کیلئے آپ کو جزائے خیر دے۔"

قبض کشا گولیاں

اول تو کبھی کبھار کی قبض بھی نہایت تکلیف دہ ہے، پھر دائمی قبض سے تو خدا کی پناہ اگر آپ کا معدہ صاف ہے تو سمجھو کہ آپ تندرستی کی گود میں کھیل رہے ہیں ورنہ یہ امر مسلمہ ہے کہ قبض سب بیماریوں کی ماں ہے، ایک دن گھر کا پائخانہ صاف نہ ہو تو تمام گھر کی فضا اس قدر خراب ہوجاتی ہے کہ ناک میں دم آجاتا ہے، یہی حال آپ معدہ کا سمجھئے، اگر ایک روز بھی کھل کر اجابت نہ ہو تو تمام معدہ متعفن ہوجاتا ہے اور متعفن معدہ ہی ہر ایک بیماری کی جڑھ ہے، قبض کشا گولیاں کیا ہیں، گویا معدہ کی جھاڑو ہیں ان کا دائمی استعمال سمجھو کہ صحت کا بیمہ ہے۔ ایکسٹو گولی کی قیمت دو روپے، رعایتی قیمت ایک روپیہ، محصول ڈاک علاوہ۔

اکسیر بواسیر

سچ پوچھو تو نوے فی صدی لوگ اس موذی مرض میں مبتلا ہیں، یہ نامراد مرض انسان کا خون نچوڑ کر اسے ہڈیوں کا پنجر اور زندہ درگور بناکر زندگی تلخ کردیتی ہے اس کی مصیبت کو کچھ وہی بہتر سمجھ سکتا ہے، جسے بدقسمتی سے اس موذی مرض سے سابقہ پڑا ہو، ہماری یہ اکسیر اس موذی مرض کو خواہ یہ کسی قسم کا ہو، خدا کے کرم سے، زیادہ سے زیادہ چودہ دن کے استعمال سے جڑھ سے اکھاڑ کر نیست و نابود کردیتی ہے، قیمت تین روپے، رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ آٹھ آنے۔ محصول ڈاک علاوہ

تین شیشی اور بھیجئے

جناب بابو محمد سالم اکبر صاحب ہیڈ کلرک اچھالپور نواب گنج سے تحریر فرماتے ہیں کہ "میں نے اپنے ایک دوست کیلئے پہلے بھی آپ سے اکسیر بواسیر نامی دوا منگوائی تھی، جس سے وہ دوست ایک سال تک بالکل اچھے رہے، اب اور مریضوں نے بھی خواہش ظاہر کی ہے، لہٰذا بدیں خط ہذا تین شیشی اکسیر بواسیر اور بذریعہ وی پی بھیج کر شکریہ کا موقعہ دیجئے۔"

تریاق سوزاک

یہ نامراد مرض درحقیقت شیروں کو بزدل، جوانمردوں کو زندہ درگور بنانے والا ہے پیشاب کا جل کر آنا، جس میں پیپ کا اخراج ہو، پیشاب کی نالی میں زخم کی وجہ سے درد کے ساتھ تڑپتے اور بلکتے مریضوں کیلئے ہماری یہ دوا "تریاق سوزاک" پیغام شفا ہے اس کی پہلی خوراک ہی سے درد، جلن اور سوزش دور ہوکر ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے اور مریض جملہ شکایات سے نجات پاکر راحت محسوس کرتا ہے، باقی خوراکوں سے باقی ماندہ نقائص دور ہوکر انسان جوانمرد، تندرست اور قابل اولاد ہوجاتا ہے، دنیا مان گئی ہے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کہ "تریاق سوزاک" سوزاک کیلئے بہترین اور سریع الاثر دوا ہے، قیمت پانچ روپے رعایتی قیمت صرف دو روپے آٹھ آنے۔ محصول ڈاک علاوہ۔

افیون چھڑاؤ گولیاں

افیون بہت بُری بلا ہے، علاوہ روپے کے نقصان کے یہ انسانی صحت کا بھی ستیاناس کر دیتی ہے، بدقسمتی سے جسے اس کی عادت پڑ جائے، پھر اس کا چھوٹنا بہت مشکل ہو جاتا ہے، ہماری یہ گولیاں انشاء اللہ بہت جلد اس بلا سے نجات دلا دیں گی۔ قیمت یکصد گولی دو روپے، رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ، محصول ڈاک علاوہ

بلیس سالہ افیون کھانے کی وبا سے نجات مل گئی!

مکرم جناب نور احمد خاں صاحب گورنمنٹ کنٹریکٹر سانبھر لیک سے تحریر فرماتے ہیں کہ "آپ کی مرسلہ افیون چھڑاؤ گولیاں ایک شخص کو استعمال کرائی گئیں، یہ صاحب بلیس سال سے افیون کھانے کی وبا میں مبتلا تھے، ان کا افیون کھانا قریباً قریباً چھوٹ گیا ہے، گولیاں بہت مفید ثابت ہوئی ہیں، تھوڑی گولیوں کی اور ضرورت ہے، لہذا یکصد گولیاں بدیدن خط ہذا بھیج دیجئے"

مچھر پروف

جب انسان رات کو میٹھی نیند سو رہا ہو تو اس وقت مچھروں کے کاٹنے سے جو بیچینی ہوتی ہے وہ کسی تشریح کی محتاج نہیں اور پھر اس کے کاٹنے سے ملیریا بخار جیسا موذی روگ جو انسان کو زندہ درگور بنا دیتا ہے، لگ جاتا ہے، اس کے لئے ہم نے ایک ایسی دوا ایجاد کی ہے، جس کی بُو سے مچھر اس طرح بھاگتا ہے جس طرح کاہول سے شیطان، اس کے چند قطرے بدن پر مل لیجئے، اور بے کھٹکے میٹھی نیند آرام کیجئے۔ دو اونس کی شیشی جو خاصی مدت کیلئے کافی ہے کی قیمت ایک روپیہ چار آنے رعایتی قیمت صرف دس آنے۔ محصول ڈاک علاوہ۔

اکسیر دمہ

اگرچہ بیماری تو ہر ایک ہی تکلیف دہ ہے، مگر مرض دمہ سے تو خدا کی پناہ، کیونکہ یہ ایسا نامراد موذی مرض ہے کہ نہ اُٹھتے نہ بیٹھتے نہ سوتے نہ جاگتے نہ چلتے حتیٰ کہ انسان کو کسی پہلو بھی تو چین نہیں آتا، پھر اس کے متعلق عام طور پر یہ مشہور ہے کہ دمہ دم کے ساتھ جاتا ہے، خداوند تعالیٰ ہر فرد کو اس موذی مرض سے بچائے ہم نے سالہا سال کی محنت شاقہ اور وسیع تجربہ کے بعد اکسیر دمہ نامی دوا تیار کی ، جو انشاء اللہ زیادہ سے زیادہ دو ہفتہ میں خدا کے کرم سے اس ظالم مرض سے چھٹکارا کر دیتی ہے۔ قیمت تین روپے، رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ آٹھ آنے۔ محصول ڈاک علاوہ۔

اکسیر بچگاں

یہ دوا چھوٹے بچوں کیلئے واقعی اکسیر ہی ہے۔ اسی لئے اس کا نام "اکسیر بچگاں" رکھا گیا ہے، اسہال ہر قسم، پیچش اور بچوں کے سوکھا پن وغیرہ کیلئے یہ دوا بفضل ایزدی تیر بہدف ہے، سبز رنگ کے اسہال اور سوکھا پن وغیرہ سے اکثر بچے ضائع ہو جاتے ہیں، یہ دوا ان عوارض کیلئے تریاق ہے، اور پھر بڑی عمر والوں کے لئے بھی اسہال اور پیچش وغیرہ میں یہ بہت مفید ہے، قیمت فی شیشی دو روپے رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ، محصول ڈاک علاوہ۔

بال اُڑانے کی خوشبودار دوائی

اس خوشبودار دوائی کو پانی میں گھول کر لگانے سے ایک منٹ کے اندر اندر سخت سے سخت اور نرم سے نرم جگہ کے بال بہ صفائی کمال جڑھ سے دور ہو جاتے ہیں۔ قیمت فی شیشی آٹھ آنے، رعایتی قیمت صرف چار آنے۔ محصول ڈاک علاوہ

رعایت پر رعایت

جس صاحب کا آرڈر بعد از منہائی رعایتی قیمت کم از کم بلیس روپے کا ہوگا۔ انہیں محصول ڈاک بھی معاف رہیگا۔ اور ایکسال تک نور کا پرچہ بھی مفت۔

غیر ممالک کیلئے

غیر ممالک میں ڈاک دیر سے پہنچتی ہے، ان کے لئے بجائے ۲۵-۲۶-۲۷-۲۸ ستمبر ۳۶ء کی تاریخیں مقرر کی جاتی ہیں، کیونکہ غیر ممالک میں وی پی نہیں جا سکتا، اسلئے ان خریداران صاحبان کو اپنے آرڈر کے ساتھ علاوہ قیمت کے محصول ڈاک فی پونڈ ۱۲ عہ کے حساب سے پیشگی روانہ کرنا ہوگا۔ غیر ممالک کیلئے بعد از منہائی رعایتی قیمت جس صاحب کا آرڈر پچاس روپے کا ہوگا انہیں محصول ڈاک بھی معاف رہے گا۔

بصورت عدم فائدہ قیمت واپس

جس صاحب کو خدانخواستہ ہماری دوا سے فائدہ نہ ہو، ان کی قیمت واپس کر دی جائیگی، اس کے متعلق مفصل تشریح اسی اخبار کے صہ ۶ پر ملاحظہ فرمائیے۔

دوبارہ دوائی مفت بھیجی جاتی ہے

اگرچہ کارخانہ اپنی طرف سے دوائی کی روانگی میں بہت احتیاط کام لیتا ہے، اور اس کارخانہ کا پیکنگ مشہور ہے، اگر پھر بھی کسی وجہ سے کسی صاحب کو خدانخواستہ دوا صحیح حالت میں نہ پہنچے تو انہیں دوبارہ مفت بھیجی جاتی ہے، اس کی مفصل تشریح اسی اخبار کے صہ ۶ پر ملاحظہ کیجئے۔ غرضیکہ اس کارخانہ کے ساتھ معاملہ کرنے والے احباب کسی صورت میں بھی نقصان میں نہیں رہتے۔

ملنے کا پتہ:- منیجر نور اینڈ سنز نور بلڈنگ قادیان ضلع گورداسپور (پنجاب)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

علمی لوٹ

آٹھ کتب کا سٹ بجائے پانچ روپیہ
ایک آنہ کے ایک روپیہ بارہ آنے پر

آٹھ کتب کا سٹ بجائے پانچ روپیہ
ایک آنہ کے ایک روپیہ بارہ آنے پر

بابا نانک رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب

یہ وہ جامع کتاب ہے جس میں ہندوؤں کے کل عقائد (۱) وید سمرتی پران (۲) چھوت چھات (۳) تیرتھ یاترا (۴) جنیو (۵) مورتی پوجا (۶) ستونک (۷) اوتار (۸) گنو پوجا (۹) مردے کا جلانا (۱۰) ذبیحہ یا جھٹکا (۱۱) تناسخ (۱۲) سکھوں کے پانچ ککے، شری گرنتھ صاحب اور حضرت بابا نانک رح کے اقوال سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت موصوف نے ان عقائد کی تردید کی ہے اور اس کے خلاف مسلمانوں کے عقائد کے گورو صاحب دل وجان سے موید تھے، مثلاً کلمہ طیبہ (۲) نماز و روزہ (۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (۴) حج کعبہ (۵) قبلہ پر ایمان (۶) عقیدہ ملائکہ (۷) قرآن مجید پر ایمان (۸) صوفیائے کرام اور حضرت بابا نانک رح (۹) حضرت بابا نانک کے اقوال کا ماخذ قرآن مجید ہے، پھر اخیر میں اس کتاب میں نہایت مدلل و مبسوط مضمون تاریخی نقطۂ خیال سے درج ہے، جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ شاہان اسلام گورو صاحبان کے ہمیشہ حامی و مددگار رہے اور سکھوں کے پانی کی جگہ انہوں نے اپنا پسینہ بہایا، اس کتاب کے متعلق ہندوستان کے بینس چوٹی کے اخبارات نے زبردست ریویو میں یہ ظاہر کیا ہے کہ سکھوں اور ہندوؤں میں تبلیغ کیلئے یہ بےنظیر کتاب ہے، قیمت ایک روپیہ بارہ آنے، محصول ڈاک علاوہ۔

مسلمانوں کے احسان سکھوں پر

مضمون نام سے ظاہر ہے اس میں سکھوں کی مسلمہ کتب سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ گذشتہ زمانہ میں مسلمان سکھوں کے ہر آڑے وقت میں کام آتے رہے ہیں، سکھ گوروؤں کے پسینہ کی جگہ مسلمانوں نے اپنا خون بہایا، سکھ گوروؤں کی طرف سے مسلمان ہر مشکل وقت سینہ سپر ہوئے، یہ رسالہ اس قدر مقبول ہوا کہ اس کے قیمتی مضمون کو بعض سکھ اخبارات نے بھی فخریہ شائع کیا۔ ضرورت ہے کہ ایسا رسالہ نہایت وسیع پیمانہ پر شائع ہو تاکہ ہمارے سکھ بھائی اپنے دوست اور دشمن کو بہتر سمجھ سکیں، قیمت ۵ر محصول ڈاک علاوہ

سکھ اور مسلمان

یہ جناب ایڈیٹر صاحب اخبار نور کا وہ لیکچر ہے جو گزشتہ سے پیوستہ سال مرکزی سالانہ جلسہ پر دیا گیا اور پھر دوستوں کے اصرار پر کتابی صورت میں شائع کیا گیا، یہ لیکچر اسقدر مقبول عام ہوا، کہ اس کا پہلا ایڈیشن جو دو ہزار چھپا تھا، ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوگیا، اب دوسرا ایڈیشن مزید اضافہ سے چھاپا گیا ہے سکھوں میں تبلیغ کیلئے بہترین مبلغ ہے، قیمت فی کاپی آٹھ آنے، محصول ڈاک علاوہ۔

سکھ مسلم اتحاد

یہ جناب ایڈیٹر صاحب موصوف کا وہ لیکچر ہے جو انجمن حمایت اسلام لاہور کے سالانہ جلسہ پر دیا گیا، جسے حاضرین نے خاص اشتیاق سے سنا، اب دوستوں کے اصرار پر یہ رسالہ کی صورت میں شائع کیا گیا ہے، اس رسالہ میں از روئے گرنتھ اور دیگر تاریخی کتب سے یہ ثابت کیا گیا ہے، کہ سکھوں کا اگر مضبوط قدموں پر اتحاد ہو سکتا ہے تو مسلمانوں سے ہی۔ سکھ دوستوں کو دینے کے لئے بےنظیر تحفہ۔ قیمت صرف آٹھ آنے۔ محصول ڈاک علاوہ۔

ہندو دھرم کی حقیقت

یعنی سناتن دھرم پر ایک تنقیدی نظر، آج تک مسلمانوں کی طرف سے اس مذہب کے متعلق بہت ہی کم لٹریچر مہیا کیا گیا ہے، اس لئے اس قابل قدر کتاب نے ایک بڑی بھاری ضرورت کو پورا کیا ہے، اس محرک الآرا کتاب میں حسب ذیل مضامین ہیں۔ (۱) ویدوں کی حقیقت (۲) کیا وید الہامی ہیں (۳) ہندوؤں کا مسئلہ اوتار (۴) اوتاروں کی تقسیم (۵) ست جگ کے اوتار (۶) ایشور مچھلی کے روپ میں (۷) ایشور کچھوے کے روپ میں (۸) ایشور سور کے روپ میں (۹) ایشور بادنے کے روپ میں (۱۰) ایشور کھاڑے والے کے روپ میں (۱۱) رام اوتار (۱۲) دواپر یگ کے اوتار (۱۳) کرشن اوتار (۱۴) بدھ اوتار (۱۵) ضرورت اسلام پر سوامی دیانند کی گواہی وغیرہ وغیرہ، گویا ہندوؤں کی وہ کتب جو ہزارہا اوراق پر پھیلی ہوئی ہیں۔ اور آجتک ان میں درج شدہ مضامین کی بھنک تک بھی مسلمانوں کے کانوں میں نہ پڑی تھی، یہ ان جملہ کتب کا نچوڑ ہے۔ قیمت ایکروپیہ آٹھ آنہ، محصول ڈاک علاوہ

آریہ مذہب کی حقیقت

مارچ ۲۳ء میں جبکہ آریوں کی طرف سے راجپوتانہ میں ملکانہ ارتداد کی وبا کی آندھی چلی تھی، اسوقت یہ کتاب اس ارتداد کی وبا کو روکنے کیلئے بہترین تریاق ثابت ہوئی تھی، اس کی تاثیر اور قبولیت کا آپ اس سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ مسلم آؤٹ لک، زمیندار، سیاست وغیرہ نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا، کہ آج تک جس قدر کتب اس موضوع پر لکھی گئی ہیں یہ ان سب پر فائق ہے، مجھ سے اجازت لیکر بعض دوستوں نے سندھی اور گجراتی میں بھی ترجمہ کیا، اب یہ مزید اضافہ کے ساتھ چھپ گئی ہے، پہلے حجم اسی صفحات تھا اب ۱۰۸ ہے، کاغذ، لکھائی چھپائی سب اعلیٰ ہے، قیمت غیر مجلد چھ آنے جو تقریباً اصل لاگت ہے، ضرورت ہے کہ اس مجرب تبلیغی حربہ کی اشاعت نہایت ہی وسیع پیمانہ پر ہو، اسلئے اسکی قیمت اصل لاگت ہی رکھی گئی ہے

گائے اور سکھ دھرم ار - گورو کی بانی (گورمکھی میں) ار

یہ آٹھ کتب کا سٹ جس کی قیمت پانچ روپے ایک آنہ ہوتی ہے۔ ۲۵-۲۶-۲۷ ۲۸ راگست ۳۶ء کو اکٹھا خریدنے والوں سے صرف ایک روپیہ بارہ آنہ۔ محصول ڈاک علاوہ

ملنے کا پتہ:- منیجر اخبار نور! نور بلڈنگ قادیان ضلع گورداسپور پنجاب